MARKING SCHEME - ISLAMIAT

سوال نمبر1: درج ذیل خالی جگہیں مناسب الفاظ سے پُر کریں۔

نمبر	Possible Answer:
(i	تجوید
(ii	انبیاء کرام
(iii	عید گاہ
(iv	حضرت محمد ﷺ
(v	سب تعریفیں
(vi	سہلؓ/سہیلؓ
(vii	حضرت ابوایوب انصاریؓ
(viii	غزوہ احزاب
(ix	منافقت

Checking Hints:

1 mark for each correct answer (9 required)

سوال نمبر2: نبی اکرمؐ نے جو عمل کر کے دکھایا، یا پسند فرمایا اس کو کیا کہتے ہیں؟ 2

Possible Answer:

نبی کریم ﷺ نے جو عمل کر کے دکھایا یا پسند فرمایا اس کو سنت کہتے ہیں۔

Checking Hints:

سنت لکھنے پر 2 نمبر

سوال نمبر3: یثاق مدینہ سے اہل مدینہ کی زندگی پر کیا اثرات مرتب ہوئے؟ 2

Possible Answer:

مسلمان اور غیر مسلم آپس میں اتفاق سے مدینہ میں رہنے لگے۔

مدینہ میں امن وامان قائم ہو گیا اور شہریوں میں اتحاد کی فضا قائم ہو گئی۔

Checking Hints:

ہر نکتے کا ایک نمبر (2 مطلوب ہیں)

سوال نمبر4: مؤاخات سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟ 2

Possible Answer:

مؤاخات سے ہمیں یہ سبق ملتا ہے کہ جب بھی ہمارے مسلمان بھائیوں پر مشکل وقت آئے تو ہمیں دل کھول کر اُن کی مدد کرنی چاہیے۔
حصہ داری میں برابری کرنی چاہیے۔

Checking Hints:

ہر نکتے کا ایک نمبر (2 مطلوب ہیں)

سوال نمبر5: حضرت عیسیٰؑ کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے دیے گئے معجزات میں سے صرف دو تحریر کریں۔ 2

Possible Answer:

آپؑ اللہ تعالیٰ کے حکم سے مردوں کو زندہ کر دیتے تھے۔
پیدائشی نابینا آدمی کو ہاتھ لگاتے تو اس کو بینائی مل جاتی۔

Checking Hints:

ہر نکتے کا ایک نمبر (2 مطلوب ہیں)

سوال نمبر6: سیف اللہ کس صحابیؓ کا لقب ہے؟ 2

Possible Answer:

سیف اللہ حضرت خالد بن ولیدؓ کا لقب ہے۔

Checking Hints:

خالد بن ولیدؓ لکھنے پر 2 نمبر

سوال نمبر7: حضرت حمزہؓ کو کس نے شہید کیا تھا؟ 2

Possible Answer:

حضرت حمزہؓ کو وحشی نے شہید کیا تھا۔

Checking Hints:

وحشی لکھنے پر 2 نمبر

سوال نمبر8: غزوہ خندق میں شریک قبیلوں میں سے کسی دو کے نام تحریر کریں۔ 2

Possible Answer:

قریش/ غطفان/ بنو مرہ/ اشجع/ سلیم/ بنو اسد

Checking Hints:

ہر نام کا ایک نمبر (2 مطلوب ہیں)

سوال نمبر9: اخوت سے کیا مراد ہے؟ 2

Possible Answer:

اخوت سے مراد بھائی چارہ ہے۔ ہر کلمہ پڑھنے والا مسلمان دوسرے کلمہ پڑھنے والے مسلمان کا بھائی ہے۔

Checking Hints:

بھائی چارہ لکھنے پر 1 نمبر

مسلمان اور مسلمان بھائی بھائی لکھنے پر 1 نمبر

سوال نمبر10: رمضان المبارک کے مہینے میں آپ کو نیکی کے کون کون سے مواقع ملتے ہیں؟ کوئی سے دو مواقع تحریر کریں۔ 4

Possible Answer:

اس مہینے میں دوسروں کے ساتھ ہمدردی کرنے کا موقع ملتا ہے۔

بھوکوں پیاسوں کی مدد کرنے کا موقع ملتا ہے۔

افطاری کرانے کا موقع ملتا ہے۔

تراویح پڑھنے اور دیگر عبادات کرنے کے مواقع ملتے ہیں۔

Checking Hints:

ہر نکتے کا ایک نمبر (4 مطلوب ہیں)

سوال نمبر11: لیلۃ القدر رمضان المبارک کے کون سے عشرے میں ہوتی ہے؟ نیز قرآن مجید کی رو سے اس رات میں عبادت کی کیا فضیلت ہے؟ 4

Possible Answer:

لیلۃ القدر رمضان المبارک کے آخری عشرے میں ہوتی ہے۔

اس رات کو عبادت کرنے کا ثواب ہزار مہینے کی عبادت سے زیادہ ہے۔

یہ رات طلوع فجر تک سلامتی ہے۔

یہ خیر کی رات ہے۔

Checking Hints:

درست عشرہ لکھنے کا 1 نمبر

ہر فضیلت لکھنے کا ایک نمبر (3 مطلوب ہیں)

سوال نمبر12: ذوالنورین کے کیا معنی ہیں؟ اور یہ کس صحابیؓ کا لقب ہے؟ 4

Possible Answer:

ذوالنورین کے معنی ہیں دو نوروں والا۔ یہ حضرت عثمان غنیؓ کا لقب ہے۔

Checking Hints:

ذوالنورین لکھنے کے 2 نمبر

حضرت عثمانؓ لکھنے کے 2 نمبر

سوال نمبر13: غزوہ بدر کے دو نتائج بیان کریں۔ 4

Possible Answer:

ا۔ کافروں کے دلوں میں مسلمانوں کا رعب بیٹھ گیا۔

۲۔ مسلمانوں کا اللہ تعالیٰ کی غیبی مدد کا یقین ہو گیا۔

۳۔ غزوۂ بدر کے بعد لوگ جوق در جوق اسلام قبول کرنے لگے۔

۴۔ مسلمانوں نے جنگی قیدیوں سے اچھا سلوک کیا جس سے لوگ اسلام کی طرف مائل ہونے لگے۔

۵۔ کفار میدان جنگ میں بہت سا سامان چھوڑ کر بھاگ گئے تھے اور وہ سامان مسلمانوں کے پاس مال غنیمت کے طور پر جمع ہو گیا جس سے مسلمانوں کی طاقت میں اضافہ ہو گیا۔

Checking Hints:

کوئی سے دو نتائج لکھنے کے 2 نمبر

سوال نمبر14: روزمرہ زندگی میں آپ کیسے کفایت شعاری سے کام لیتے ہیں؟ کوئی دو مثالیں تحریر کریں۔ 4

Possible Answer:

ا۔ ہم اپنے گھر میں فالتو لائٹیں بجھا دیتے ہیں۔

۲۔ فضول خرچی سے پرہیز کرتے ہیں۔ اور بچت کرتے ہیں۔

۳۔ پانی کو ضائع ہونے سے بچاتے ہیں۔

۴۔ گیس ضرورت کے مطابق استعمال کرتے ہیں۔

Checking Hints:

ایک مثال کو بیان کرنے کے 2 نمبر (2 مطلوب ہیں)